# 05-08-2024 MONDAY URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔ چیف منسٹر ریونت ریڈی نے غیر مقیم ہندوستانیوں خصوصاً تلنگانہ سے تعلق رکھنے والوں سے اپیل کی ہے کہ وہ ریاست کی ترقی کے عمل میں حصہ لیں۔

۲۔ ڈپٹی چیف منسٹر ملو بھٹی وکرامارکہ نے اعلان کیا ہے کہ حکومت صنعتوں کے قیام میں دلچسپی رکھنے والے نوجوانوں کو قرضے اور تمام سہولتیں مہیا کرے گی۔

۳۔ وزیر سیاحت وثقافت جوپلی کرشنا راؤ نے اعلان کیا ہے کہ سوماسیلا کے مذہبی مقام کو سیاحتی مرکز کی حیثیت سے ترقی دی جائے گی۔

اور

۴۔ مرکزی وزیر مواصلات جوترآدتیہ سندھیا اور وزیر اسپورٹس وامور بالغان منسکھ مانڈویا نے آج پیرس میں جاری 33 ویں اولمپک گیمس کے سلسلہ میں چار یادگاری ڈاک ٹکٹ جاری کیے۔

☆☆☆

ڈپٹی چیف منسٹر ملو بھٹی وکرامارکہ نے اعلان کیا ہے کہ حکومت صنعتوں کے قیام میں دلچسپی رکھنے والے نوجوانوں کو قرضے اور تمام سہولتیں مہیا کرے گی۔ کھمم ضلع کے مدھیرا اسمبلی حلقہ میں اِنڈاپلی کے مقام پر ایک انڈسٹریئل پارک کا سنگ بنیاد رکھنے کے بعد انہوں نے اپنی تقریر میں کہا کہ حکومت صنعتی ترقی اور نوجوان صنعتکاروں کی حوصلہ افزائی کے اپنے عہد کی پابند ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت خواتین کی اپنی مدد آپ مدد سوسائٹیوں کو سالانہ 20 ہزار کروڑ روپے کے بلاسودی قرضے فراہم کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ حکومت اِن سوسائٹیوں کو پراجکٹ رپورٹ، بینک کے قرضے اور مارکیٹنگ کی سہولتیں مہیا کرتے ہوئے صنعتی شعبہ میں بھی ان کی حوصلہ افزائی کرے گی۔ انہوں نے اعلان کیا کہ یہ اقدام مدھیرا حلقہ سے شروع کیا جائے گا۔ ڈپٹی چیف منسٹر نے کہا کہ صنعت، زراعت اور خدمات کے شعبوں کی متوازن ترقی سے سماج کو فائدہ ہوگا۔ ملو بھٹی وکرامارکہ نے کہا کہ حکومت دیہی تاجروں کو بروقت قرضے فراہم کرنے کا منصوبہ رکھتی ہے، تاکہ وہ اپنے کاروبار کو وسعت دے سکیں۔ انہوں نے کہا کہ مدھیرا میں صنعتی پارک کا قیام ایک دیرینہ خواب تھا۔ 55 ایکڑ کے علاقہ پر قائم کئے جانے والے اس پارک کے لئے 44 کروڑ روپے منظور کئے گئے ہیں۔

☆☆☆

چیف منسٹر ریونت ریڈی نے غیر مقیم ہندوستانیوں خصوصاً تلنگانہ سے تعلق رکھنے والوں سے اپیل کی ہے کہ وہ ریاست کی ترقی کے عمل میں حصہ لیں۔ سرمایہ کاری راغب کرنے کے لئے امریکہ کا دورہ کررہے چیف منسٹر نے کل نیوجرسی میں این آئی آئیز سے خطاب کیا۔ انہوں نے اپنی تقریر میں تلنگانہ میں سرمایہ کاری کی اہمیت پر زور دیا اور کہا کہ سرمایہ کاروں کو ریاست میں لگائے جانے والے ہر سرمایہ پر فائدہ ہوگا۔ چیف منسٹر کے دفتر سے جاری کئے گئے ایک بیان کے مطابق چیف منسٹر نے عوام سے کئے گئے تمام وعدوں کی تکمیل کے اپنے عہد کا اعادہ کیا۔ چیف منسٹر نے کہا کہ غیر مقیم ہندوستانیوں نے اپنے ہنر سے امریکہ کی خوشحالی میں اہم رول ادا کیا ہے اور ان پر زور دیا کہ وہ اب تلنگانہ کی ترقی میں اپنا رول ادا کریں۔ چیف منسٹر نے امریکہ کے شمالی ساحلی علاقہ میں بسنے والے کئی این آر آئیز کے ساتھ تبادلہ خیال کیا۔

☆☆☆

شادنگر پولیس اسٹیشن میں ایک دلت خاتون کو زدوکوب کے واقعہ کے سلسلہ میں سائبرآباد پولیس نے ڈپٹی انسپکٹر رامی ریڈی اور 5 دیگر پولیس کانسٹیبلس کو معطل کردیا۔سونیتا نامی اِس خاتون کو اُس کے کمسن بیٹے کی موجودگی میں پولیس نے زدوکوب کیا تھا۔اِس خاتون کو چوری کے ایک معاملہ میں پولیس اسٹیشن طلب کیا گیا تھا۔سائبرآباد کی پولیس کمشنر اوینا ش موہنتی نے کل رامی ریڈی کا سائبرآباد ہیڈکوارٹرس کو تبادلہ کردیا تھا۔پولیس کمشنر نے اس واقعہ کی تحقیقات کا حکم دے دیا ہے۔شادنگر کے اے سی پی رنگا سوامی اس واقعہ کی تحقیقات کررہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ تحقیقاتی رپورٹ کی بنیاد پر مزید کارروائی کی جائے گی۔

☆☆☆

بھارت راشٹرا سمیتی نے کانگریس میں شامل ہونے والے اپنے ارکان اسمبلی کو نااہل قرار دینے کے لئے اپنی کوششیں تیز کردی ہیں۔ پارٹی کے قائدین نے آج اس سلسلہ میں دستوری ماہرین کے ساتھ مشاورت کی۔ پارٹی کے کارگزار صدر کے ٹی راما راوٴ اور سینئر قائدین نے آج دہلی میں ممتاز وکلا اور دستوری ماہرین کے ساتھ مشاورت کی۔ بی آر ایس کی جانب سے جاری کئے گئے ایک بیان کے مطابق دستوری ماہر سی آریاما سندرم نے پارٹی کے قائدین کو بتایا کہ سپریم کورٹ نے منحرف ہونے والے ارکان مقنّنہ کے بارے میں کئی فیصلے سنائے ہیں۔منی پور کے ارکان اسمبلی کے انحراف پر بھی سپریم کورٹ نے فیصلہ سنایا ہے۔انہوں نے کہا کہ ماضی کی طرح اب اسپیکر پارٹی بدلنے والے ارکان اسمبلی کو نااہل قرار دئے جانے کے بارے میں فیصلہ میں تاخیر نہیں کرسکتے۔ کے ٹی آر نے کانگریس پارٹی پر دوہرا معیار اختیار کرنے کا الزام لگایا۔انہوں نے کہا کہ ایک طرف قومی سطح پر کانگریس منحرف ارکان مقنّنہ کو نااہل قرار دینے کا مطالبہ کررہی ہے، دوسری طرف وہ تلنگانہ میں انحراف کی حوصلہ افزائی کررہی ہے۔ اِس مشاورت میں پارٹی کے قائدین ہریش راوٴ، جگدیش ریڈی، گنگولا کملاکر، کے پربھاکر ریڈی، راجیہ سبھا کے رکن وی روی چندرا اور دوسروں نے شرکت کی۔

☆☆☆

وزیر سیاحت وثقافت جوپلی کرشنا راوٴ نے اعلان کیا ہے کہ سوماسیلا کے مذہبی مقام کو سیاحتی مرکز کی حیثیت سے ترقی دی جائے گی۔انہوں نے آج ریاستی حکومت کی جانب سے منعقد کئے جانے والے پروگرام سوچھادانم۔پچادانم کی افتتاحی تقریب میں شرکت کی۔انہوں نے ناگرکرنول ضلع کے کولاپور حلقہ کے سوماسیلا میں شجرکاری کی۔انہوں نے عوام پر زور دیا کہ وہ پودے لگائے کیونکہ پودے نہ صرف ہریالی دیتے ہیں، بلکہ امراض سے تحفظ بھی فراہم کرتے ہیں۔انہوں نے نہ صرف مکانات بلکہ دیہاتوں اور شہروں کو صاف رکھنے کی ضرورت پر زور دیا۔انہوں نے عہدیداروں سے کہا کہ وہ سرکاری دفاتر، سڑکوں اور جنکشن کی صفائی پر توجہ دیں اور ان مکانات کی نشاندہی کریں جہاں بیت الخلاء کی سہولت نہیں ہے۔

☆☆☆

ریاست کے محکمہ آبپاشی کے عہدیداروں نے آج ناگرجنا ساگر پراجکٹ کے 6 گیٹ کھول دئے اور 30 ہزار کیوزک پانی نشیبی علاقوں کی طرف چھوڑ دیا۔عہدیداروں نے بتایا کہ ہر گیٹ سے 5 ہزار کیوزکس پانی چھوڑا جارہا ہے، اس طرح جملہ 30 ہزار کیوزکس پانی چھوڑا جارہا ہے۔ عہدیداروں نے بتایا کہ سری سیلم ڈیم سے پانی کے بہاوٴ کو دیکھتے ہوئے مزید گیٹ کھولنے کے بارے میں فیصلہ کیا جائے گا۔گیٹ کھولنے سے پہلے عہدیداروں نے ضلعی انتظامیہ کے تعاون سے نشیبی علاقوں میں رہنے والوں کو چوکس کردیا۔

☆☆☆

بھدرادری کوتہ گوڑم ضلع کے پلونچا میں آج کوتہ گوڑم تھرمل پاور اسٹیشن کے 8 کولنگ ٹاورس کو منہدم کر دیا گیا۔ یہ ٹاورس آپریشن اینڈ منٹیننس یونٹ کا حصہ تھے، جو اب بند کردی گئی ہے۔اس یونٹ کو چند سال قبل ہی بند کر دیا گیا تھا۔ برقی پیدا کرنے والے ٹاورس کو منہدم کر کے ان کا ملبہ ہٹا دیا گیا۔ انتخابات کے لئے نافذ کئے گئے ضابطہ اخلاق کی وجہ سے ان ٹاورس کے انہدام کی اجازت ملنے میں تاخیر ہوئی ۔ ان 8 ٹاورس کو 720 میگاواٹ برقی کی پیداوار کے لئے 1960ء اور 1970ء کی دہائیوں میں تعمیر کیا گیا تھا۔

☆☆☆

مرکزی وزیر مواصلات جوترآدتیہ سندھیا اور وزیر اسپورٹس و امور بالغان منسکھ مانڈویا نے آج پیرس میں جاری 33ویں اولمپک گیمس کے سلسلہ میں چار یادگاری ڈاک ٹکٹ جاری کئے ۔ یہ تقریب آج دہلی میں منعقد ہوئی ۔ 10 میٹر کے ایر پستول کے مکسڈ مقابلہ میں میڈل جیتنے والے سربجوت سنگھ، اسٹیپل چیس اتھلیٹ سدھا سنگھ اور سابق کرکٹر آکاش چوپڑا نے اس پروگرام میں شرکت کی ۔ ان ڈاک ٹکٹوں کے ذریعہ جاولین تھرو، فیلڈ ہاکی، سیلنگ اور ٹیبل ٹینس مقابلوں کی نمائندگی کی گئی ہے۔اس موقع پر منسکھ مانڈویا نے کہا کہ حکومت ملک بھر میں کھیل کود کے ہنر کو فروغ دے رہی ہے۔انہوں نے کہا کہ کھیلو انڈیا جیسے پروگرام اتھلیٹس کو ضروری مدد فراہم کرنے میں اہم ادا کر رہے ہیں۔

☆☆☆

ریاستی وزیر جوپلی کرشنا راؤ نے کستور با گاندھی بالیکا ودیالیوں میں معیاری تعلیم اور تغذیہ بخش غذا کی فراہمی پر زور دیا ہے۔ انہوں نے ناگر کرنول ضلع کے پینٹلہ وِیلی کے جی بی وی میں آلودہ کھانے کے حالیہ واقعہ کا انہوں نے سخت نوٹ لیا۔اس واقعہ میں کئی طلبہ بیمار ہوگئے تھے۔انہوں نے کولہاپور حلقہ میں ایک بیداری سمینار منعقد کیا جس میں کے جی بی وی کے طلبہ، تدریسی اور غیر تدریسی عملہ اور دیگر عہدیدار شریک تھے۔انہوں نے عہدیداروں کو ہدایت دی کہ وہ مستقبل میں ایسے واقعات کی روک تھام کے لئے سخت اقدامات کریں۔انہوں نے انتباہ دیا کہ لاپرواہی کو برداشت نہیں کیا جائے گا۔اس پروگرام میں کلکٹر بداوت سنتوش اور محکمہ تعلیم کے عہدیداروں نے شرکت کی۔

☆☆☆

حیدرآباد کی شی ٹیم نے شہر میں بونالو تہوار کے دوران خواتین کو ہراساں کرنے پر 305 افراد کو گرفتار کرلیا۔جن میں 16 کم عمر لڑکے شامل ہیں۔ان میں سے 173 کو وارننگ دے کر چھوڑ دیا گیا جبکہ باقی افراد کو عدالت میں پیش کیا گیا۔5 ملزمین کو 3 دن کے لئے سزائے قید سنائی گئی اور ان پر ایک ہزار 50 روپے کا جرمانہ عائد کیا گیا۔جولائی میں شی ٹیم کو خواتین اور بچوں کے خلاف جرائم سے متعلق 115 شکایتیں موصول ہوئیں۔